Churchville-Chili
Central School District
Where learning leads to a lifetime of opportunities

مس لوریٹا جے۔ اورولوگیو(Ms.
(Loretta J. Orologio
سپرنٹنڈنٹ آف اسکولز *x2300*

<u>سپرنٹنڈنٹ کا ایگزیکٹیو کیبنٹ</u>

مسٹر فرینکلن سی۔ ناردونے (Franklin C. Nardone) CPA،
اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ برائے کاروباری خدمات اور ڈسٹرکٹ کلرک
x2330

مسٹر جولیو بوسکو (Giulio Bosco)، جونیئر اسسٹنٹ سپرنٹینڈینٹ برائے ہدایات
x2310

مسٹر لارنس ایم۔ ویٹو (Lawrence M. Vito)
اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ برائے ہیومن ریسورسز
x2320

مس امانڈا ایف۔ پولیو (Amanda F. Puleo)کمیونیکیشن کوآرڈینیٹر اور انتظامی اسسٹنٹ برائے سپرنٹنڈنٹ
x2300

30 جولائی، 2020

عزیز چرچ ویلے-چلی (Churchville-Chili) فیملیز،

آپ نے خزاں میں ہمارے اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے حالیہ سروے میں جو تاثرات دیے ہیں، میں اس پر آپ کا شکریہ ادا کرنے سے آغاز کروں گی۔ اسکولوں کو دوبارہ کھولنے والی ہماری مشاورتی کمیٹی نے نیویارک اسٹیٹ کے محکمۂ تعلیم اور محکمۂ صحت کی رہنما دستاویزات کے ہمراہ، سروے کے ڈیٹا کا جائزہ لیا ہے۔ اس مراسلے میں بیان کردہ معلومات آپ کو اسکول دوبارہ کھولنے کے منصوبے کا خلاصہ فراہم کرے گی اور ستمبر میں ہماری جانب سے نافذ کیے جانے والے تدریسی ماڈلز کی وضاحت دے گی۔ حاضری اور ذرائع نقل و حمل کی ضروریات کی تصدیق کے لیے ضروری تمام فارمز، بشمول اسکول دوبارہ کھولنے کا منصوبہ، جس میں صحت اور تحفظ اور اسکول کے معمولات کے بارے میں مخصوص تفصیلات شامل ہیں، ہماری ڈسٹرکٹ ویب سائٹ <u>www.cccsd.org/Reopening.aspx</u> پر ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔ **یہ ضروری ہے کہ آپ اس لنک پر جائیں اور بروز پیر، مؤرخہ 10 اگست تک اپنے بچوں کے لیے تدریسی ماڈل کا آپشن منتخب کریں۔**

تدریسی ماڈلز

بہار کے سروے نے گھر پر آپ کے تدریسی تجربے کے بارے میں خاطر خواہ فیڈ بیک اور بھرپور ادراک فراہم کیا تھا۔ یہ بات نہایت واضح تھی کہ طلبہ اور والدین کی ایک بڑی اکثریت زیادہ منظم تدریسی موقع کے حق میں ہے۔ ان تاثرات نے مخلوط یا مکمل فاصلے پر مبنی ڈسٹرکٹ کے تدریسی ماڈل کے آپشنز کے لیے ایک راہ متعین کی۔

مخلوط ماڈل*

پیر اور منگل کو A سے L تک آنے والے آخری نام کے حامل طلبہ بذاتِ خود شرکت کریں گے۔ فاصلاتی تدریس بدھ، جمعرات اور جمعہ کو منعقد ہو گی۔
جمعرات اور جمعہ کو M سے Z تک آنے والے آخری نام کے حامل طلبہ بذاتِ خود شرکت کریں گے۔ فاصلاتی تدریس پیر، منگل اور بدھ کو منعقد ہو گی۔
*استثنات فیملیز کو یکجا رکھنے کے لیے دی جائیں گی، اور بچوں کی ضروریات کی تکمیل کے لیے دی جا سکتی ہیں۔

اس ماڈل کے لیے اسکول بس، ہال ویز، کلاس رومز میں جب نقل و حرکت عمل میں لائی جائے، اور ہر اس جگہ چہرے کے ماسک کا استعمال ضروری ہو گا جہاں طلبہ چھ فٹ کے کم باہمی فاصلے پر ہوں۔ استاد تدریسی مقاصد اور اس کے علاوہ وقفوں کے لیے چہرے کے ماسک کو ہٹانے کے حوالے سے ہدایت دے گا۔ ذاتی ہدایات کے لیے صحت کے یومیہ جائزوں کے حوالے سے مزید معلومات اگست میں فراہم کی جائیں گی۔

مکمل طور پر فاصلے پر مبنی

تمام تدریسی عمل فراہم کردہ نظام الاوقات کے مطابق فاصلے پر رہتے ہوئے منعقد ہوگا۔ اس آپشن کو منتخب کرنے والے طلبہ کم سے کم دس ہفتوں تک کسی بھی سیشنز میں ذاتی طور پر حاضر نہیں ہوں گے۔ یہ ماڈل اس صورت میں منتخب کرنا چاہیئے جب آپ چہرے کے ماسک کی شرط کی پابندی نہ کرنے کا انتخاب کر رہے ہوں۔

ذاتی شرکت کا نظام الاوقات**

ایلیمنٹری، K-4	طلبہ کا دن: صبح 9:15 سے سہ پہر 3:25 تک	**فاصلاتی تدریس ترمیم شدہ نظام الاوقات کے مطابق
مڈل اسکول، 5 تا 8	طلبہ کا دن: صبح 8:05 سے سہ پہر 2:40 تک	**فاصلاتی تدریس اُسی نظام الاوقات کے مطابق ہو
ہائی اسکول، 9 تا 12	طلبہ کا دن: صبح 7:15 سے سہ پہر 1:50 تک	**فاصلاتی تدریس اُسی نظام الاوقات کے مطابق ہو

گریڈ 7 تا 12 کے لیے تدریسی نظام الاوقات
طلبہ کے لیے تدریس، بشمول مخلوط اور مکمل فاصلے پر مبنی دونوں طرح کے ماڈلز، کے آن لائن مواد پر غور کرتے ہوئے، گریڈ 7 تا 12 کے طلبہ کے لیے واحد بلاک کے نظام الاوقات پر منتقلی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ طلبہ ہر اسکول کے دن 40 منٹ پر مبنی روایتی آٹھ پیریڈز پر مشتمل کلاسز لیں گے۔ ترمیم شدہ نظام الاوقات طلبہ اور اساتذہ کے مابین یومیہ رابطے کو بڑھائے گا، اور ذاتی طور پر حاضر ہو کر لی جانے والی تدریس اور فاصلے پر مبنی تدریس کے درمیان منتقلی کے دوران ایک ہموار ڈھانچہ فراہم کرے گا۔ طلبہ پانچ منٹ کے آرام کے وقفے اور 30 منٹ کے لنچ کے ساتھ، کورسز کی روایتی تعداد لینا جاری رکھیں گے۔

ذرائع نقل و حمل
محکمۂ صحت اور نیویارک اسٹیٹ کی اسکول دوبارہ کھولنے کی ہدایات کے مطابق ہر اسکول بس میں تقریباً 22 طلبہ سفر کرسکتے ہیں، اس طرح کہ ہر نشست پر صرف ایک طالب علم چہرے کے ماسک کے ساتھ بیٹھے۔ یہ استثنیٰ فیملی کے افراد کے لیے ایک نشست پر دو افراد تک محدود ہے۔ ہم ایک باقاعدہ تعلیمی سال میں عام طور پر ایک بس میں 40 سے 50 طلبہ کو سفر کرواتے ہیں۔ لہٰذا، ہم ہر فیملی سے معلومات طلب کر رہے ہیں تاکہ اس بات کی نشاندہی کی جا سکے کہ آیا آپ کو بس میں سفر کی ضرورت ہے یا آپ اپنی ذاتی سواری سے استفادہ کریں گے۔ علاوہ ازیں، ایک مصدقہ ڈے کیئر فراہم کنندہ *** تک جانے کے لیے ذرائع نقل و حمل کی ضرورت کی حامل فیملیز کے لیے، ایک ڈسٹرکٹ فارم درکار ہو گا۔
***ڈے کیئر فراہم کنندہ لازماً چرچ ویلے-چلی اسکول ڈسٹرکٹ کی حدود کے اندر ہونا چاہیے۔

صحت اور تحفظ
ذاتی طور پر حاضر ہو کر لی جانے والی تدریس کے لیے چہرے کا ماسک ضروری ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کو ماسک نہیں پہنانا چاہتے، تو آپ کو لازماً مکمل فاصلے پر مبنی تدریس کا انتخاب کرنا ہو گا۔ ماسک کی شرط کی واحد استثنیٰ صحت عامہ کے ماہر کی جانب سے مصدقہ دستاویزی عمل ہو گا۔

ہال ویز میں طلبہ کی نقل و حرکت کے باعث مڈل اور ہائی اسکول میں لاکرز استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ گروپ کا سائز کم کرنے اور سماجی فاصلے کو بڑھانے کے لیے ہال وے میں نقل و حرکت کے نمونوں کو تیار کیا جا رہا ہے۔

ہم ہال وے کے پانی کے فواروں کو پانی کی بوتلوں کے فلرز میں تبدیل کرنے کے مرحلے میں ہیں۔ طلبہ کو پینے کے لیے اپنے ساتھ ذاتی پانی کی بوتلیں لانے کی اجازت ہو گی۔

جسمانی تعلیم اور تفریحی وقفے کے لیے کھیل کے میدان استعمال کیے جائیں گے بشرطیکہ ہاتھ دھونے کے حفظِ مراتب اور گروپ کے سائز کی پابندیوں کا خیال رکھا جائے۔

آپس میں چھ فٹ کا فاصلہ رکھتے ہوئے، اوسطاً، ہمارے کلاس روم میں اندازاً 15 طلبہ بیٹھ سکتے ہیں۔ بعض صورتوں میں، اضافی سماجی فاصلے (12 فٹ) کے لیے بڑے کلاس روم استعمال کیے جا سکتے ہیں جس کا دارومدار سرگرمی (یعنی جسمانی تعلیم، بینڈ، کورس وغیرہ) پر ہو گا۔

ناشتہ اور لنچ
طلبہ ذاتی طور پر حاضر شدہ تدریس کے دنوں میں ناشتہ اور لنچ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ پرنسپلز اپنے وسط اگست کے مراسلوں میں لنچ لینے کے لیے سرونگ لائن اور مقام کے حوالے سے مزید تفصیل فراہم کریں گے۔ فاصلاتی تدریس کے دنوں میں کھانوں کی تقسیم کے لیے مزید معلومات فراہم کی جائیں گی۔

ایتھلیٹکس، غیر نصابی اور ادارے کے احاطے میں ہونے والی سرگرمیاں
گورنر نے پبلک اسکول ایتھلیٹکس کو اسکول کے سال کے آغاز سے پہلے آغاز کی اجازت نہیں دی ہے۔ 21 ستمبر کو یا اس سے پہلے، ہم اس بات کی پیش بینی کریں گے کہ آیا خزاں کے کھیل منعقد ہوں گے یا نہیں۔ چونکہ ہماری توجہ

اسکول کو دوبارہ کھولنے اور صحت اور تحفظ کے اقدامات کو ترجیح دینے پر ہو گی، لہٰذا ادارہ جاتی اور غیر نصابی سرگرمیاں بھی 21 ستمبر تک ملتوی رہ سکتی ہیں۔ اس سے اساتذہ اور طلبہ دونوں کو وقت ملے گا کہ وہ روزانہ محفوظ آمد و روانگی کے عمل کو منظم کرنے کے ساتھ ساتھ، مخلوط اور فاصلاتی دونوں تدریسی پروگرامز کو نافذ العمل اور جاری رکھ سکیں۔

گریڈنگ اور فیڈ بیک

گزشتہ بہار میں ہم نے گھر پر تدریس کے ماڈل کے باعث ایک ترمیم شدہ گریڈنگ اور فیڈ بیک کا نظام متعارف کروایا تھا۔ اس خزاں کے آغاز میں، ہم طلبہ کے کام کی گریڈنگ کا دوبارہ آغاز کریں گے۔ گریڈنگ کے عمل اور ہوم ورک کے بارے میں مخصوص معلومات وسط اگست میں پرنسپل کی جانب سے ہر فیملی کو دی جانے والی میل میں شامل ہوں گی۔

ہائی اسکول گریجویشن کے اعزاز کا اعتراف

9 تا 12 رپورٹ کارڈ اور گریڈنگ مشاورتی کمیٹی کی جانب سے منعقدہ دو سالہ عمل-تحقیق کے جائزے کے نتیجے میں، گزشتہ سال ایک اعلان کیا گیا تھا کہ 2024 کی کلاس کے آغاز کے ساتھ، ڈسٹرکٹ موجودہ الوداعی اور خوش آمدیدی خطابات کے اعترافی ماڈل کے بجائے لاطینی نظام اپنائے گا۔ طالب علم کا مجموعی تعین کردہ GPA cum laude (اعزاز کے ساتھ)، magna cum laude (زیادہ اعزاز کے ساتھ) یا Summa Cum Laude (سب سے زیادہ اعزاز کے ساتھ) کے اسٹیٹس کا تعین کرے گا۔ علاوہ ازیں، ایسے طلبہ کے لیے ''تعلیمی امتیاز'' کی ایک چوتھی کٹیگری نافذالعمل ہے، خواہ ان کے اسکورز یا GPA کچھ بھی ہوں، جنھوں نے متعلقہ امتحانات کے ساتھ ساتھ کوئی بھی پانچ AP یا IB کورسز لیے ہوں۔ گھر پر تدریس کے بہار 2020 کے سمسٹر کے دوران ترمیم شدہ گریڈنگ سسٹم کے باعث، ہم اجتماعی پاس/فیل اور کورس ورک کے لیے گریڈز کے استعمال کی وجہ سے کلاس رینک کا معروضی طور پر موازنہ نہیں کر پائیں گے۔ لہٰذا، ہائی اسکول 2021 میں گریجویٹ ہونے والی کلاس سے آغاز کرتے ہوئے لاطینی نظام میں منتقل ہو رہا ہے۔

آخر میں، ہم بصد احترام التماس کرتے ہیں کہ ہر فیملی ہماری ڈسٹرکٹ ویب سائٹ پر جائے اور آئندہ اسکول کے سال کے پہلے دس ہفتوں کے لیے اپنے تدریسی ماڈل کے انتخاب کو مکمل کرے۔ نقل و حمل کی ضروریات کے حوالے سے اضافی سوالات پوچھے جائیں گے۔ براہِ کرم www.cccsd.org/Reopening.aspx ملاحظہ کریں جہاں سے آپ مطلوبہ جوابی فارم لے سکتے ہیں جسے 10 اگست تک ہر طالب علم کے لیے پُر کیا جانا ضروری ہے۔ ہمارے پاس ای نیوز کے لیے سائن اپ ہونے یا بذریعہ BrightArrow ای میل اور متنی اعلامیوں کے لیے آپ کی ترجیحات کو اپ ڈیٹ کرنے اور گریڈ 5 تا 12 کے بچوں کے والدین کے لیے والدین کے پورٹل اکاؤنٹ میں رجسٹر ہونے کے لنکس دستیاب ہیں۔

اساتذہ اور منتظمین کو مخلوط اور فاصلے پر مبنی تدریسی ماڈلز کی تیاری کے لیے وقت فراہم کرنے کی غرض سے، ہم اپنے اسکول کیلنڈر میں ترمیم کرتے ہوئے 8 اور 9 ستمبر کو دو کانفرنس دن اس میں شامل کریں گے۔ تمام طلبہ کے لیے پہلا دن جمعرات، 10 ستمبر ہو گا۔ بنیادی طور پر، ہم جانتے ہیں کہ گورنر کمیونٹی میں وائرس کے پھیلاؤ کی نگرانی کریں گے اور اسکول کھولنے کا حتمی فیصلہ ان کے ایگزیکٹیو آرڈر پر منحصر ہو گا۔ تاہم، اس دوران، آئیے پُرامید اور صحت مند رہیں۔

ہمارے اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کے عمل میں آپ کے مسلسل تعاون اور حمایت پر آپ کا بے حد شکریہ۔ ہم جلد ہی آپ کے بچوں کو دوبارہ دیکھنے کے متمنی ہیں!

آپ کی مخلص،



لوری اورولوگیو سپرنٹنڈنٹ آف
اسکولز

کمیونیکیشن ٹولز:

https://target.brightarrow.com/PortalLogin15.aspx?PortalKey=60ED5CF4-BAAA
پر ای نیوز اور متن کی صورت میں اعلامیوں کے لیے سائن اپ کریں
https://www.cccsd.org/ParentStudentPortalsGr5-12.aspx پر والدین کے پورٹل کے لیے گریڈ 5 تا 12 کا
Twitter: @CCCSDtweets
Facebook: Churchville-Chili Central School District
Instagram: CCCSDofficial